# Transcript

## Summer 2019

Pearson Edexcel GCSE

In Urdu (1UR0) Paper 1F

**Edexcel and BTEC Qualifications**

Edexcel and BTEC qualifications are awarded by Pearson, the UK's largest awarding body. We provide a wide range of qualifications including academic, vocational, occupational and specific programmes for employers. For further information visit our qualifications websites at www.edexcel.com or www.btec.co.uk. Alternatively, you can get in touch with us using the details on our contact us page at www.edexcel.com/contactus.

**Pearson: helping people progress, everywhere**

Pearson aspires to be the world's leading learning company. Our aim is to help everyone progress in their lives through education. We believe in every kind of learning, for all kinds of people, wherever they are in the world. We've been involved in education for over 150 years, and by working across 70 countries, in 100 languages, we have built an international reputation for our commitment to high standards and raising achievement through innovation in education. Find out more about how we can help you and your students at:

www.pearson.com/uk

Summer 2019

Publications Code 1UR0_1F_1906_TS

All the material in this publication is copyright

© Pearson Education Ltd 2019

## SECTION A

### Personal Information

**Question 1**

**Example**

**M1**

میرا نام   عمران ہے۔

**Question 1 Part (i)**

**M1**

**میری** عمر سولہ سال ہے۔

**Question 1 Part (ii)**

**M1**

میرے بال کالے ہیں۔

**Question 1 Part (iii)**

**M1**

میرا قد لمبا ہے۔

### Professions

**Question 2**

**Example**

**F1**

میں ارم ہوں اور میں ایک ڈاکٹر ہوں  ۔

**Question 2**

**M1**

میں علی ہوں اور میں ایک  طالب علم ہوں۔

**F2**

میں فاطمہ ہوں اور میں ایک اسکول میں پڑھاتی ہوں۔

**M2**

میں اکبر ہوں اورمیں ایک  دکان میں کام کرتا ہوں۔

## Hobbies

**Question 3**

**Example**

**M1**

میں آدم ہوں۔میں آن لائن  گیمز کھیلتا  ہوں۔

**Question 3**

**M1**

میں دوستوں کے ساتھ ہفتے میں ایک مرتبہ  کھیلتا ہوں۔

**F1**

میں نبیلہ ہوں۔مجھے  کتابیں پڑھنے کا شوق ہے اور میں رات کو سونے سے پہلے کوئی کتاب پڑھتی ہوں۔

**F2**

میں نازیہ  ہوں۔میں  ہر روز پیدل چلتی ہوں۔مجھے اکیلے پیدل چلنا پسند ہے۔

## School

**Question 4**

**Example**

**F1**

میں فاطمہ ہوں اور میں اسکول جانا پسند کرتی ہوں۔

**Question 4**

**F1**

میں کھانے کے وقفے میں  اپنی سہیلیوں سے باتیں کرتی ہوں ۔

**M1**

میں خالدہوں   میرےخیال میں اسکولوں میں زیادہ  چھٹیاں ہونی چاہیں یں۔

**M2**

میں کامران ہوں  مجھے اردو مشکل لگتی ہے لیکن اردو  کے استاد  بہت اچھے لگتے ہیں۔

## Eating out

**Question 5**

**Question 5 Part (a)**

**M1**

مجھے باہر کا کھانا کھانے میں مزہ آتا ہے۔

**Question 5 Part (b)**

**M1**

میں دوستوں کے ساتھ باہر کھانے کے لئے جانا پسند کرتا ہوں۔

**Question 5 Part (c)**

**M1**

مجھےزیادہ مرچوں والے کھانےنا پسند ہیں۔

**Question 5 Part (d)**

**M1**

میں کھانے کے بعد میٹھا ضرورکھاتاہوں۔

**Examination**

**Question 6**

**F2**

یہ میرا سکول میں آخری سال ہے۔میرےامتحان ہونے والے ہیں ۔ میرے للیےگھر پر پڑھائی کرنا مشکل ہے کیونکہ ہمارے گھر کچھ مہمان آئے ہوئے ہیناس لیےمیں اپنی سہیلی کے گھر یا لائبریری مینجاجا کر پڑھتی ہوں۔

## Jobs around the house

**Question 7**

**Example**

**F1**

میرے ابو اپنی کا ر صاف کرتےہیں۔

**Question 7**

**F1**

میری امی کام پر جاتی ہیں اس لیےل گھر کے کام بہت کم کرتی ہینباورچی خانے کے زیادہ ترکام میری بڑی بہنکو کرنے پڑتےہیں۔

**F2**

ہم سب مل کر گھر کے کام کرتے ہیں ۔میں اپنے چھوٹے بھائی کی دیکھ بھال کرتی ہوں اور میرا بڑا بھائی بازار سے چیزیں لاتا ہے۔

## School Trip

**Question 8**

**M2**

پچھلے ہفتے میں اپنے سکول کے ساتھ ایک ٹرپ پر گیاتھاجس میں ہماری کلاس کے بیس لڑکے شامل تھے۔ ہماری کوچ صبح ۹ بجے روانہ ہوئی تھی۔

**F2**

اچھا یہ تو بتاؤکہ تم کہاں گئے تھے؟

**M2**

ہم سب سے پہلے فیصل مسجد دیکھنے گئے تجو بہت خوبصورت ہے۔ اس کے بعد ہم نے ایک ریسٹورنٹ میں کھانا کھایا۔ ہمارا دن بہت ہی اچھا گزرا ۔

## Holidays

**Question 9**

**Example**

**M1**

میرا نام ارشد ہے اور مجھے سردیوں کی چھٹیاں اچھی لگتی ہیں۔

**Question 9**

**F1**

میرا نام ارم ہے۔میری خواہش تھی کہ میں پاکستان سے باہرکسی دوسرے ملک کی سیر کو جاؤں لیکن میں نے خاندان کی مرضی کے مطابق چھٹیاں لاہور میں اپنےچچا کے ساتھ گزاریں ۔

**M2**

میں اسد ہوں۔ میں چھٹیوں میں نیویارک گیا تھا۔مجھے وہاں کی اونچی اونچی عمارتیں بہت پسند آئیں ۔ اس کے علاوہ مجھے اپنے خاندان کے ساتھ وقت گزارنے کا موقع بھی ملا۔

**F2**

مجھے حفصہ کہتے ہیں۔ میں نے اپنی چھٹیاں دبئی میں سمندرکے کنارے گزاریں ۔ سمندر میں خوب تیراکی کی اور مجھے بہت مزہ آیا۔

## Charity

**Question 10**

**M1**

بہت کم لوگ  جانتے ہیں کہ پاکستان کے لوگ دنیا بھر میں سب سے زیادہ خیرات دیتے ہیناس کی وجہ یہ ہےکہ خیرات دینے والےلوگ     اس کا ذکر کرنا پسندنہیں کرتے۔

**F1**

پاکستان میں زیادہ تر لوگ اپنے ہاتھ سے غریبوں کو پیسے دے دیتے  ہیں  یا  ضرورت مند رشتے داروں کی مدد کر دیتے ہیں -

**M2**

- میرے خیال میں پاکستان کی حکومت کو خیراتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔

**F2:**

ایسا کرنےسے زیادہ   خیرات جمع ہو گی اور دنیا  کے سامنے  پاکستان کا نام  بھی روشن ہوگا۔

**Music Band**

**Question 11**

**Example**

**F1**

میوزک بینڈ ’جنون‘ دنیا میں بہت مشہور ہے۔

**Question 11**

**M1**

میوزک بینڈ جنون سے لوگ محبت کرتے ہیں مگر کافی عرصے سے لوگوں نے اس کو نہیں دیکھا۔لیکن ایک بار پھر یہ بینڈ دنیا کے سامنے آنے والا ہے۔

**F2**

علی نے فیس بک پر ایک پیغام میں لوگوں سے پوچھا کہ کیا وہ ایشیا کے سب سے بڑے بینڈ جنون کو اس سال ایک ساتھ دیکھنا چاہتے ہیں؟

**M2**

لوگوں نے اس پر بڑے جوش سے جنون بینڈ کو پھر سے ایک ساتھ دیکھنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔

**F1**

سلیمان نے ایک ٹویٹ کی جس میں انہوں نے لوگوں سےکہا کہ کوئی بھی خواب ناممکن نہیں ہوتا۔

**Ambitions**

**Question 12**

**F2**

میں بڑی ہو کر استانی بننا چاہتی ہوں ۔ میں جانتی ہوں کہ استانی بننا آسان کام نہیں کیونکہ آج کل استادوں کو پڑھانے کے علاوہ سکول میں اور بھی کئی کام کرنے پڑتے ہیں ۔ پڑھانا میرے لیےمناسب کا م ہےکیونکہ مجھے چھوٹے بچوں کے ساتھ کام کرنا اچھا لگتا ہے۔ میرے خیال میں ایک اچھا استاد اپنے وقت کا مناسب استعمال کر کے یہ سارے کام کر سکتاہے ۔

**SECTION B**

**Daily Routine**

روزانہ کا معمول

**Question 13**

**Example**

**مثال**

**F2**

مجھے اتوار کا دن پسند ہے۔

**Question 13**

**F2**

**اتوار کو سکول سے چھٹی ہوتی ہے اس لیے میں صبح دیر سے اٹھتی ہوں۔ ہم سب خاندان والے مل کر ناشتہ کرتے ہیں اور دیر تک باتیں کرتے رہتے ہیں۔**

**M2**

**موسم اچھا ہو تو ہم دن کو گھومنے کے لیےکہیں باہر چلے جاتے ہیں۔ ہم شام کا کھانا باہر کسی ریسٹورنٹ میں کھاتے ہیں جس کا ہمیں بہت مزہ آتا ہے۔پھر گھر پہنچ کر سکول کی تیاری کرتے ہیں کیونکہ اگلے دن سکول جانا ہوتا ہے۔**

**School (سکول)**

**Question 14**

**Example (مثال)**

**M3**

میرا اسکول مجھے پسند ہے۔

**Question 14**

**M3**

ہمارےاسکول میں لڑکے اور لڑکیاں اکھٹے پڑھتےہیں۔ اسکول جلدی شروع ہوتا ہے جوطلباءکو ناپسند ہے۔

سکول میں کھانے کا وقفہ چھوٹا ہے اور اکثر کو سخت ناپسند ہے۔

سکول کے ہیڈ ٹیچر رحمدل ہیں اور سب کو پیار سےملتےہیں اس لیےسب ان کو بہت زیادہ پسند کرتے ہیں۔

سکول کا کھانا استادوں کو ناپسند ہے اس لیے وہ کینٹین میں بہت کم نظر آتے ہیں۔

مجھے سکول کی لائبریری پسند ہےکیونکہ میں وہاں سے کتابیں پڑھنے کے لئے گھر لا سکتا ہوں۔